Shabbir / Fazil

20-04-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں، جنوبی کوریا کے صدر Lee Jae Myung سے بات چیت کریں گے۔

2- بھارت اور سری لنکا نے، دونوں ملکوں کے درمیان تیل پائپ لائن رابطے پر بات چیت کی۔

3- بھارت اور امریکہ، آج شام واشنگٹن ڈی سی میں دوطرفہ تجارتی معاہدے پر مذاکرات پھر شروع کریں گے۔

4- ایران نے، امریکہ کے ساتھ دوسرے دور کی بات چیت سے انکار کر دیا ہے۔ اُدھر صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکی مذاکرات کار پاکستان پہنچ رہے ہیں۔

5- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں، اسمبلی انتخابات میں پہلے مرحلے کیلئے ووٹروں کی تعداد جاری کر دی ہے۔

6- اور IPL کرکٹ میں، نیو چنڈی گڑھ میں، پنجاب کنگس نے لکھنؤ سُپر جائنٹس کو 54 رن سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM South Korea Prez

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں، جنوبی کوریا کے صدر Lee Jae Myung سے بہت سے موضوعات پر بات چیت کریں گے، جن میں دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی اور اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Arzoo

دونوں رہنماء کلیدی شعبوں پر بات چیت کرنا شروع کریں گے، جن میں جہازوں کی تعمیر ، تجارت، سرمایہ کاری، مصنوعی ذہانت، سیمی کنڈکٹرس، اہم و اُبھرتی ہوئی ٹکنالوجیز شامل ہیں۔ دونوں رہنماء، عوام سے عوام کے درمیان رابطوں کو فروغ دینے اور ثقافتی تبادلوں میں گہرائی پیدا کرنے کے طور طریقے بھی دریافت کریں گے۔ اِس کے علاوہ وہ باہمی مفاد کے علاقائی اور عالمی معاملات پر بھی بات چیت کریں گے۔ وزیر اعظم مودی، مہمان شخصیت کے اعزاز میں ظہرانے کا بھی اہتمام کریں گے۔ صدر Lee اپنے دورے میں، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کریں گے اور دوطرفہ تعاون میں مزید استحکام لانے پر بھی بات چیت کریں گے۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل جنوبی کوریا کے صدر سے ملاقات کی تھی اور مختلف شعبوں میں تعلقات کو مستحکم کرنے کے اُن کے عزم کو سراہا تھا۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ اِس دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان خصوصی دفاعی شراکت داری اور بھی مضبوط ہوگی۔ یہ دورہ، بھارت اور جنوبی کوریا کے درمیان تعلقات میں مزید گہرائی پیدا کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے، جیسا کہ دونوں ملکوں کے درمیان ایک مضبوط اور کثیر جہتی شراکت داری قائم ہے، جس کی جڑیں قدیم تہذیبی تعلقات اور مشترکہ جمہوری اقدار سے وابستہ ہیں۔

امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.....

Rev.VP Sri Lanka Visit

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور سری لنکا کے صدر Anura Kumara Dissanayake نے بھارت اور سری لنکا کے درمیان تیل پائپ لائن قائم کرنے کی تجویز پر تبادلۂ خیال کیا۔ خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کولمبو میں بتایا کہ دونوں ممالک کے درمیان جن پروجیکٹوں پر بات چیت ہوئی، ان میں Trincomalee میں توانائی کے مرکز سے متعلق پروجیکٹ نیز بھارت اور سری لنکا کو تیل پائپ لائن کے ذریعے جوڑنے کی تجویز شامل ہے۔

جناب مسری نے کہا کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، ہاؤسنگ پروجیکٹوں اور ماہی گیروں کے مسائل پر بھی مفید اور نتیجہ خیز بات چیت ہوئی۔

میٹنگ کے دوران جناب رادھا کرشنن نے بھارت کی ''پڑوسی پہلے'' پالیسی اور ترقیاتی تعاون پر زور دیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Ahmed Mueen Farooqui

کُل اعلیٰ سطح کی حکمتِ عملی کے شاندار پہلے دن کے بعد آج نائب صدر سی پی رادھا کرشنن کا دورہ عوامی رابطے کے مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔ نائب صدر Nuwara Eliya کا دورہ کریں گے، جس سے بھارت کے سری لنکا میں بھارت نژاد تمل برادری کی فلاح و بہبود اور طویل مدتی سماجی و معاشی ترقی کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔

جناب رادھا کرشنن بھارت نژاد تمل برادری کے افراد سے براہِ راست بات چیت کریں گے، خاص طور پر اُن ہاؤسنگ پروجیکٹوں کے بارے میں جو بھارت کی مدد سے قائم کیے گئے ہیں۔ اس عزم کا اظہار گزشتہ روز کے اعلانات میں بھی ہوا، جن میں OIC اسکیم کو چھٹی نسل تک بڑھانا اور درخواست کے عمل کو آسان بنانا شامل ہے۔ اِس سے اُن تمل مزدوروں کو فائدہ ہوگا جو بغیر بھارتی دستاویزات کے آئے تھے۔

پیغام واضح ہے کہ بھارت اور سری لنکا کے درمیان شراکت داری صرف پالیسی کے ذریعے ہی نہیں بلکہ عوامی سطح پر براہِ راست رابطے کے ذریعے بھی مضبوط ہو رہی ہے۔x

کولمبو سے احمد معین فاروقی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

Rev.India US Trade Talks

بھارت اور امریکہ آج اپنے مجوزہ دوطرفہ تجارتی معاہدے BTA کے پہلے مرحلے کے طور پر تجارتی مذاکرات دوبارہ شروع کریں گے۔ یہ بات چیت واشنگٹن ڈی سی میں آج سے 22 اپریل تک کی جائے گی۔

تجارت کے محکمے کے ایڈیشنل سکریٹری درپن جین، اِس سلسلے میں بھارتی وفد کی قیادت کر رہے ہیں۔

کسٹمس اور خارجی امور کے افسران بھی، بھارتی ٹیم کا حصہ ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Akhila

اِس تین روزہ بات چیت کا مقصد عالمی محصولات میں تبدیلی کے دوران فریم ورک کو نئی شکل دینا ہے۔ یہ میٹنگ پچھلے تقریباً 4 مہینے میں دونوں ملکوں کے درمیان پہلی روبرو سرگرمی ہے۔ اِس بات چیت کی اہمیت اِس لیے اور بھی زیادہ ہو گئی ہے کہ دونوں ملکوں نے، امریکی محصول نظام میں تبدیلیوں کے بعد مجوزہ معاہدے کے نشیب و فراز کا جائزہ لیا ہے۔

چونکہ امریکہ میں محصولات کا منظرنامہ بدل گیا ہے، لہٰذا امکان ہے کہ دونوں ملک معاہدے کے فریم ورک کا جائزہ لیں، جس کا متن 7 فروری کو جاری کیا گیا تھا۔

نیوز ڈیسک سے اکھیلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.....

Iran US Talks

ایران نے، صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے براہِ راست اختلاف کرتے ہوئے، امریکہ کے ساتھ دوسرے دور کی امن بات چیت سے اتفاق نہیں کیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا تھا کہ امریکی مذاکرات کار، بات چیت کیلئے آج رات پاکستان پہنچ جائیں گے۔

ایران کی سرکاری خبر ایجنسی اِرنا نے امریکہ کے حد سے زیادہ مطالبات، غیر حقیقی امیدوں، موقف میں لگاتار تبدیلیوں، بار بار کیے جانے والے اختلافات اور بحری ناکہ بندی کو انکار کی وجوہات بتایا ہے۔ اُس نے ناکہ بندی کو جنگ بندی کی شرائط کی خلاف ورزی بتایا ہے۔

ایران کے پاسدارانِ انقلاب نے بھی آبنائے ہُرمز بند کر دی ہے اور اُس نے کہا ہے کہ تجارتی جہازوں کو واضح طور پر اجازت لینی چاہیے اور پاسداران کی طرف سے منظور شدہ راستوں کو اختیار کرنا چاہیے۔

اُس نے انتباہ دیا ہے کہ جو جہاز بغیر اجازت پہنچ رہے ہیں، اُنہیں نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Vinod Kumar

امریکی صدر ٹرمپ نے ایران پر جنگ بندی کی سخت خلاف ورزی کا الزام عائد کیا ہے، لیکن کسی امکانی معاہدے کے بارے میں احتیاطی طور پر مثبت اظہار خیال بھی کیا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ البتہ کوئی معاہدہ، کسی نہ کسی طرح ہو ہی جائے گا۔ انہوں نے یہ بات دوہرائی ہے کہ اگر ایران اِن باتوں پر عمل درآمد نہیں کرتا، تو امریکہ، طاقت کا استعمال کرتے ہوئے اِس کا جواب دینے کو تیار ہے۔ اسی دوران امریکی فوجیں بحری ناکہ بندی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ایرانی حکام نے لبنان کی صورتحال پر براہِ راست اپنی وسیع بات چیت کو امریکہ سے منسلک کر دیا ہے اور ایران نے کہا ہے کہ وہ اپنے میزائل اور ڈرون لانچرز کو، جدید ترین شکل دے رہا ہے، جو جنگ شروع ہونے سے پہلے کی رفتار سے زیادہ تیز ہیں۔

لبنان میں، اسرائیلی فوجوں نے ملک کے جنوب میں، غزہ کی طرز پر ایک Yellow لائن قائم کی ہے، جس کا مقصد حزب اللہ کے ساتھ کمزور جنگ بندی کے دوران، اسرائیلی کنٹرول والے علاقوں کو نشان زد کرنا تھا۔ اسرائیلی فوجی بہت سے سرحدی قصبوں میں تعینات ہیں اور کچھ علاقوں میں مکانات کو منہدم کیا گیا ہے۔

اُدھر یمن میں بھی، حوثی وزیر دفاع میجر جنرل محمد العطفی نے کہا کہ اُن کی فوجیں، بقول اُن کے یمن کے عوام کے خلاف کسی بھی جارحانہ کارروائی کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہیں۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.....

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

WB Voters

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے ووٹروں کے اعداد و شمار جاری کر دیے ہیں۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق اِس مرحلے میں آج کی تاریخ تک ووٹ ڈالنے کے اہل کُل 3 کروڑ 60 لاکھ 77 ہزار 171 ووٹرز ہیں۔ ان میں سے 1 کروڑ 84 لاکھ 99 ہزار 496 مرد ووٹرز، 1 کروڑ 75 لاکھ 77 ہزار 210 خواتین ووٹرز، جبکہ 465 مخنث رائے دہندگان شامل ہیں۔ اِن اعداد و شمار پر اُس وقت نظرثانی کی جائے گی، جب ٹرانسجینڈرز اہل ووٹروں کی حتمی فہرست جمع کرائیں گے۔

چناؤ سے متعلق حکام نے زور دیا ہے کہ سکیورٹی اہلکاروں کی تعیناتی، رائے دہندگان کو مدد فراہم کرنے اور پولنگ کے انتظامات پر گہری نظر رکھی جا رہی ہے تاکہ پرامن پولنگ کو یقینی بنایا جا سکے۔

حکام اس وقت باقی رہ جانے والی کمیوں کو دور کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ اِس دوران، پہلے مرحلے کے انتخابات کیلئے چناؤ مہم اپنے عروج پر ہے۔ اِس مرحلے کی پولنگ 23 اپریل کو ہوگی۔x

WB Force Dep

چناؤ کمیشن نے مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے پیش نظر، جو 23 اپریل کو منعقد ہونے والے ہیں: 152 اسمبلی حلقوں کیلئے دو ہزار 193 فوری کارروائی کرنے والی QRT ٹیموں کی تعیناتی کا اعلان کیا ہے۔

یہ ٹیمیں کسی بھی ناگوار واقعے یا بے چینی کی صورت میں فوری طور پر خدمات انجام دیں گی۔ خصوصی توجہ ان اضلاع پر مرکوز کی گئی ہے، جنہیں حساس قرار دیا گیا ہے، جو فساد زدہ علاقے اور ریاست کی سرحد سے متصل ہیں۔x

WB Campagning

مغربی بنگال میں پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم اپنے عروج پر ہے کیونکہ انتخابی مہم کیلئے اب صرف دو دن باقی رہ گئے ہیں۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما اپنے اپنے امیدواروں کی حمایت کیلئے ووٹروں کو راغب کرنے کے لیے بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔

شمالی بنگال، جو بھوٹان کی سرحد سے متصل ہے، وہاں پہلے مرحلے کے تحت 23 اپریل کو پولنگ ہوگی۔ پولنگ سے قبل بھوٹان نے Phuentsholing (جئے گاؤں)، Samtase اور Lhamoizingkha میں اہم بین الاقوامی سرحدی راستوں کو عارضی طور پر آج شام سے بند کرنے کا اعلان کیا ہے۔

یہ عارضی بندش 20 اپریل شام 5 بجے سے 23 اپریل شام 6 بجے تک نافذ رہے گی۔ مسافروں اور روزانہ سرحد پار آنے جانے والوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ اس مدت کے دوران سرحدی نقل و حرکت اور ان راستوں سے گریز کریں جو ان سرحدی چوکیوں کی طرف جاتے ہیں۔x

Constituency Profile Erode

اسمبلی حلقوں کے انتخابی منظر نامے کی سیریز کے تحت آج ہم تملناڈو کے Erode ضلعے پر ایک نظر ڈالتے ہیں، یہ ضلع ماحولیات کے لحاظ سے زراعت اور صنعت کیلئے کافی سازگار ہے۔ ضلعے میں کُل آٹھ اسمبلی حلقے ہیں اور یہاں کُل 17 لاکھ 40 ہزار 222 ووٹرس ہیں۔

V/C Joy

Erode ضلعے میں Erode East ، Erode West، Modakkurichi، Perunduria، بھوانی، Anthiyur، Gobichettipalayam اور بھوانی ساگر اسمبلی حلقے ہیں۔ Gobichettipalayam حلقے میں تین طرفہ مقابلہ ہے۔ یہاں K.A. Sengottaiyan چناؤ لڑ رہے ہیں، جو سابق وزیر ہیں اور کبھی AIADMK کے سینئر رہنما تھے۔ AIADMK سے نکالے جانے کے بعد وہ TVK کی پارٹی میں شامل ہوگئے۔ 78 سالہ سینئر سیاستداں Erode ضلعے میں واقعSathyamangalam حلقے سے تملناڈو اسمبلی کیلئے منتخب ہوئے تھے۔ 1977 سے

2025 تک وہ Gobichettipalayam حلقے سے منتخب ہوئے۔ وہ جے للتا کی کابینہ میں وزیر اور ایوان کے رہنما بھی رہے۔

AIADMK میں وہ 1972 سے 2025 تک 53 سال تک رہے۔ پہلی مرتبہ وہ AIADMK کے علاوہ پارٹی سے چناؤ میدان میں ہیں۔ اِس حلقے میں کُل دو لاکھ 37 ہزار 581 ووٹرس ہیں۔ DMK کے Nallasiyam اور AIADMK کے V.B.Prabhu اپنی قسمت آزما رہے ہیں۔

چنئی سے جوائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .....

Govt Cronoationn Bridge

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی مرکزی وزارت نے دارجلنگ ضلع میں متبادل کورونیشن برج کی تعمیر کیلئے حالیہ بولی کی منسوخی کے معاملے پر وضاحت پیش کی ہے۔ وزارت نے بتایا کہ مستقبل کے ٹریفک اور اس کی کلیدی اہمیت کو مدِنظر رکھتے ہوئے کورونیشن برج کے متبادل پروجیکٹ کو پہلے مجوزہ چار لین سے بڑھا کر چھ لین کی شاہراہ میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔

مالیاتی قائمہ کمیٹی کی سفارش کے بعد ٹینڈر کے عمل کو مؤخر کیا گیا ہے، تاکہ ایک زیادہ چوڑا، محفوظ اور مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ پل کا نیا ڈیزائن تیار کیا جا سکے۔ اِس میں بہتر حفاظتی اقدامات سمیت ضروری بہتری کی ا رہی ہے اور اِس پروجیکٹ کو طویل مدتی فائدے کے لیے مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے۔x

IPL

IPL کرکٹ میں، گزشتہ رات نیو چنڈی گڑھ میں پنجاب کنگز، نے لکھنؤ سپر جائنٹس کو 54 رنز سے شکست دے دی۔255 رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے لکھنؤ سپر جائنٹس مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر صرف 200 رن ہی بنا سکی۔

پنجاب کنگز کی جانب سے مارکو یانسن نے دو وکٹ لیے، جبکہ ارشدیپ سنگھ، Vijay Kumar Vyshak اور Yuzvendra Chahal نے بالترتیب ایک ایک وکٹ حاصل کیے۔ اس سے قبل لکھنؤ سپر جائنٹس نے ٹاس جیت کر گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

آج گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے ہوگا۔x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمہ IMD نے، آج راجستھان، اترپردیش، مدھیہ پردیش، ودربھ، چھتیس گڑھ اور جھارکھنڈ میں شدید گرمی کی لہر جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ کے مطابق مغربی بنگال کے گنگا کے تاش کے علاقوں، ساحلی آندھرا پردیش، ساحلی کرناٹک، کیرلم اور ماہے میں اگلے دو سے تین دن تک موسم کے گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اسی طرح کے حالات تمل ناڈو، پدو چیری اور کرائکل میں بھی رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ نے مزید کہا ہے کہ اڈیشہ اور مغربی اترپردیش میں آج رات موسم کے گرم رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات سے متعلق ایجنسی نے اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ کے کچھ مقامات پر کل تک شدید سے بہت شدید بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے۔x

Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ’’ عالمی یومِ ارض: ایک پائیدار مستقبل کیلئے سورج‘‘ کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، شمسی توانائی کے قومی ادارے کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر محمد ریحان کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

Srinagar US Tourists Detained

جموں و کشمیر میں دو امریکی سیاحوں کو کل اس وقت حراست میں لے لیا گیا جب سری نگر کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ان کے سامان سے ایک سیٹلائٹ فون برآمد ہوا۔ پولیس کے مطابق، بھارت میں سیٹلائٹ فون ایک ضابطہ بند مواصلاتی آلہ ہے اور اس کے استعمال کے لیے خصوصی اجازت درکار ہوتی ہے۔

حکام نے بتایا کہ اس آلے کے بارے میں پتہ چلنے پر سیکیورٹی ضوابط فعال ہو گئے، جس کے نتیجے میں دونوں افراد کو فوری طور پر حراست میں لے کر پوچھ گچھ کی گئی تاکہ اس بات کی تصدیق کی جا سکے کہ یہ اِس طرح کے آلات سے متعلق قانونی تقاضوں پر پورا اترتے ہیں یا نہیں۔x

VP Sri Lanka Visit

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن آج سری لنکا کے اپنے سرکاری دورے کے دوسرے دن Nuwara Eliya جائیں گے، جو بھارت کی وسیع ترقیاتی شراکت داری اور زمینی سطح کی برادریوں تک مسلسل رسائی کو اجاگر کرتا ہے۔

دورے کے دوران وہ بھارت کی حمایت سے چلنے والے ہاؤسنگ پروجیکٹوں کے مقامات کا معائنہ کریں گے اور بھارت نژاد تمل برادری کے ارکان سے براہِ راست بات چیت کریں گے، جس سے نئی دلی کے ان کی فلاح و بہبود اور طویل مدتی سماجی و معاشی ترقی کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔

کل نائب صدر نے سری لنکا کے صدر Anura Kumara Dissanayake اور وزیرِ اعظم Harini Amarasuriya کے ساتھ تفصیلی بات چیت کی۔

بات چیت کے دوران دوطرفہ تعاون میں مشترکہ ترجیحات کا اعادہ کیا گیا۔ انہوں نے بھارتی برادری سے بھی خطاب کیا اور OIC اسکیم میں نمایاں توسیع کا اعلان کیا۔x

US Iran Ship

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ نے، ایران کے پرچم والا ایک مال بردار جہاز، طاقت کے ذریعے ضبط کیا ہے۔ یہ جہاز کل آبنائے ہُرمز کے قریب سمندری ناکہ بندی کے آس پاس جانے کی کوشش کر رہا تھا۔ پچھلے ہفتے، جب سے ایرانی بندرگاہوں کی ناکہ بندی ہوئی ہے، اِس طرح کی یہ پہلی کارروائی ہے۔ جناب ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر کہا ہے کہ اِس جہاز کو خلیجِ Oman میں امریکی بحریہ کے گائیڈڈ میزائل کو تباہ کرنے والے نظام نے رُکنے کیلئے کہا تھا، لیکن یہ رُکا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بحریہ نے اِس جہاز کے انجن روم میں سوراخ کر کے اِس کے راستے پر روکا تھا اور امریکہ کے بحری فوجی، Touska نامی اِس جہاز کو حراست میں لیے ہوئے ہیں۔

اُدھر ایران کی طرف سے اِس سلسلے میں کوئی فوری رائے زنی نہیں کی گئی ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: .....اسد اللہ

شکریہ -اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب، تاثیر اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اخباروں نے بنگال میں انتخابی ریلیوں سے وزیر اعظم نریندر مودی کے خطاب کو اہمیت کے ساتھ شائع کرتے ہوئے وزیر اعظم کے حوالے سے لکھا ہے کہ خواتین کی ترقی اور اُن کی حفاظت کو یقینی بنائے جانے کے تئیں BJP عہد بستہ ہے۔

روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ دوسرے دور کے مذاکرات کے لئے امریکی وفد روانہ۔ 'نائب صدر جمہوریہ CP رادھاکرشنن نے اپنے دورۂ سری لنکا کے تناظر میں بھارت نژاد تمل برادری سے کیا خطاب، تعلیمی اور اقتصادی امور پر تبادلۂ خیال کیا'۔ اس خبر کو آج کے اخباروں نے اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔

'سڑک اور شاہراہ عامہ پر لوگوں کی حفاظت اور روڈ حادثات کے تناظر میں سپریم کورٹ نے رہنما خطوط جاری کئے۔ اس خبر کو اخباروں نے خصوصیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔

اسرو کے ذریعے تیار کردہ G20 سیٹلائٹ کو 2027 میں لانچ کیے جانے کا امکان، اس کے توسط سے آب و ہوا اور فضائی آلودگی کے مطالعہ میں آسانی ہوگی۔ اس خبر کو اخبارات نے نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔

اسی اخبار کی ایک اور خبر ہے: تمل ناڈو کے ضلع ویر دھونگر میں پٹاخہ بنانے والی فیکٹری میں دھماکہ، کئی افراد ہلاک، صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم سمیت کئی رہنماؤں نے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں، جنوبی کوریا کے صدر Lee Jae Myung سے بات چیت کریں گے۔
2- بھارت اور سری لنکا نے، دونوں ملکوں کے درمیان تیل پائپ لائن رابطے پر بات چیت کی۔
3- بھارت اور امریکہ، آج شام واشنگٹن ڈی سی میں دوطرفہ تجارتی معاہدے پر مذاکرات پھر شروع کریں گے۔
4- ایران نے، امریکہ کے ساتھ دوسرے دور کی بات چیت سے انکار کر دیا ہے۔ اُدھر صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکی مذاکرات کار پاکستان پہنچ رہے ہیں۔
5- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں، اسمبلی انتخابات میں پہلے مرحلے کیلئے ووٹروں کی تعداد جاری کر دی ہے۔
6- اور IPL کرکٹ میں، نیو چنڈی گڑھ میں، پنجاب کنگس نے لکھنؤ سُپر جائنٹس کو 54 رن سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔
